علوم الحدیث

الجزء الاول

ULOOM-UL-HADEES

الدکتور حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

COPYRIGHT جمیع حقوق محفوظة
All Rights Reserved

علوم الحدیث

الجزء الاول

ULOOM-UL-HADEES

SHAIKH Dr. ARSHAD BASHEER UMARI MADANI waffaqahullah
Hafiz and Aalim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean the ABM School, Hyderabad, TS,INDIA
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com| www.askislampedia.com| www.askmadanicom

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم الله الرحمن الرحيم

الإسنادُ مِنَ الدِّينِ

عبداللہ ابن المبارک رحمہ اللہ کہتے ہیں:

اسناد دین (کا حصہ) ہیں

فہرس

عنوان	صفحہ نمبر
مقدمہ	1
مراحل نظریۂ نصاب	1
مراحل تیاریٔ نصاب	1
مراحل مراجعۂ عامہ	2
مراحل مراجعۂ خاصہ	2
یہ کتاب کس کے لیے	2
ہدیۂ تشکر	2
SECTION – 1	
علوم الحدیث	
آدابِ طلبِ علم واخلاقِ طالبِ علم	4
اہمیت	5
(1)حدیث کا معنی	6
(2)سنت کا معنی	7
(3)سنت اور حدیث میں فرق	7
(4)سنت اور بدعت	8
(5)اصطلاحی سنت کی مختلف قسموں کا خلاصہ	8
(6)کتابت حدیث	9
رسول اللہ ﷺ کا ابتدائی حکم	9
رسول اللہ ﷺ کا آخری حکم	9
خلاصہ	10
(7)نوعیت کے اعتبار سے حدیث کی قسمیں	10
(8)حدیث قولی	11

حدیث قولی کی مثال	11
حدیث قولی سے مراد	11
(9)حدیث فعلی	11
حدیث فعلی کی مثال	12
(10)حدیث تقریری	12
حدیث تقریری کی مثال	12
(11)علم روایت	13
(12)علم داریت	13
(13)السند(chain)	13
(14)المتن(text)	14
(15)سلسلۃ الذہب امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس	14
(16)اصح الاسانید کا چارٹ	14
(17)بکثرت روایت کرنے والے صحابہ	15
(18)بکثرت روایت کرنے والے تابعین رحمۃ اللہ علیہم	16
(19) مصطلح الحدیث سے متعلق کتب	16
(20)کتب ستہ کی تعداد روایات	17
(21)اصحاب کتب ستہ	22
(22)تعدد طرق کے اعتبار سے حدیث کی قسمیں	23
(23)اخبار متواترۃ	23
(24)متواتر لفظی	24
(25)متواتر معنوی	24
(26)اخبار آحاد	25
(27)نسبت کے اعتبار سے حدیث کی تقسیم	25
(28)حدیث قدسی	25
(29)قرآن اور حدیث قدسی میں فرق	26

(30)حدیث مرفوع	26
(31)حدیث موقوف	26
(32)حدیث مقطوع	27
(33)تعریفات عربی زبان میں	27
تَعْرِيْفُ الْمُتَوَاتِرِ	28
تعريف الآحاد	28
تعريف الغَرِيْب	28
تعريف الْعَزِيْز	28
تعريف اَلْمَشْهُوْر	28
الحديث القدسى	29
الحديث المرفوع	29
الحديث الموقوف	29
الحديث المقطوع	29
SECTION – 2	
(1)قبولیت اور عدم قبولیت کے اعتبار سے احادیث کی قسمیں	31
(2)حدیث صحیح کی تعریف	31
(3)کسی حدیث کے "صحیح"ہونے کے لیے پانچ(5)شرائط ہیں:	31
شرح البيقونية	32
شروط الحديث الصحيح خمسة شروط	32
أما اتصال الإسناد	33
وسيأتي معنا أن المنقطع أنواع؛ منها	33
مثال الحديث الصحيح	33
والصحيح ينقسم إلى قسمين	33
أما الصحيح لذاته فقد تقدم معنا تعريفه وهو	33
2–عدم الشذوذ	34

3- عدم العلة	34
والعلة تنقسم إلى قسمين	35
4- العدالة	35
بم تَثبت العدالة	36
5- الضبط	36
والضبط ينقسم إلى قسمين	37
(4)علت کا مطلب	39
(5)شاذ کا مطلب	40
(6) صحیح لغیرہ	40
(7)حسن لذاتہ	41
(8)حسن لغیرہ	41
شرح البيقونية: الحديث الحسن	42
مثال الحديث الحسن:	43
والحديث الحسن ينقسم إلى قسمين	43
(9)ناسخ اور منسوخ حدیث	44
(10)مردود(غیر ثابت):ضعیف، موضوع	45
(11)ضعیف حدیث کی تعریف	45
(12)موضوع	45
(13)مرسل	45
(14)معلق	46
(15)معضل	46
(16)منقطع	46
(17)متروک	46
(18)منکر	46
(19)مرفوع کی دو قسمیں ہیں	46

(20)حدیث مرسل(A)	47
(21)حدیث مرسل کو قبول کرنے کے شرائط	48
(22)نوٹ: تدلیس	48
(23)مرسل خفی اور تدلیس میں فرق	48
(24)حدیث منقطع(B)	49
(25)حدیث معضل(C)	49
(26)صحت کے اعتبار سے کتب حدیث کے طبقات	50
(27)کتب حدیث کا پہلا طبقہ	50
(28)کتب حدیث کا دوسرا طبقہ	50
(29)کتب حدیث کا تیسرا طبقہ	51
(30)کتب حدیث کا چوتھا طبقہ	51

کتب حدیث کی قسمیں

(31)جامع: (جمع جوامع)	52
(32)مسند: (جمع مسانید)	52
(33)معجم: (جمع معاجم)	52
(34)مستدرک: (جمع مستدرکات)	53
مستخرج: (جمع مستخرجات)	53
(36)مصنَّف	53
(37)سنن	54
(38)اربعین	54
(39)اجزاء	54
(40)اطراف	54
(41)آثار	54
(42)بعض اعتراضات وردود کا سلسلہ بضمن احادیث	55
(43)صحائف الصحابہ	55

(44)منکرین حدیث کے اعتراضات	56
(45)مستشرقین کا اعترافِ حفاظتِ حدیث	56
(46)حدیث کی سند - شیخ ارشد بشیر عمری مدنی تا محمد ﷺ	56

SECTION – 3

(50)اصطلاحات–علوم الحدیث	58
(1) مصطلح یا اصطلاح(Mustalah ya istelaah)	58
(2)ائمہ ستہ(Aemma sittah)	58
(3)کتب ستہ(Kutub e Sittah)	58
(4)اصحاب سنن(Ashaab e Sunan)	59
(5)سنن(Sunan)	59
(6) شیخین(Shaikhain)	60
(7) صحیحین(Sahihain)	60
(8)متفق علیہ(Muttafaq alaih)	60
(9)سنت(Sunnat)	60
(10)اثر(Asar)	61
(11)اربعین(Arbaeen)	61
(12)استشہاد(Istish-haad)	61
(13)استنباط(Istinbaat)	62
(14)اسماء الرجال(Asmaaur Rijaal)	62
(15)اصل(Asl)	62
(16)امام(Imaam)	62
(17)باب(baab)	63
(18)تعارض(Ta'aruz)	63
(19)ترجیح(Tarjeeh)	63
(20)جرح(Jarah)	64

(21)تعدیل(Ta'deel)	64
(22)جامع(Jaame)	64
(23)صیغہ تمریض(Seghae tamreez)	65
(24)صیغہ جزم(Seghae jazm)	65
(25)طریق(Tareeq)	66
(26)فقہ(Fiqh)	66
(27)راوی(Raawi)	66
(28)مروی(Marwi)	66
(29)مستملی(Mustamli)	66
(30)امیر المؤمنین فی الحدیث(Ameerul mu'mineen fil hadees)	67
(31)ثِقَہ(Siqah)	67
(32)ثَبت(Sabt)	67
(33)حافظ(Haafiz)	67
(34)حاکم(Haakim)	68
(35)حجۃ(Hujjah)	68
(36)مُتقِن(Mutqin)	68
(37)محدث(Muhaddis)	68
(38)علم الحدیث روایۃً(Ilmul hadees riwayatan)	69
(39)علم الحدیث درایۃً(Ilmul hadees dirayatan)	69
(40)متن(Matan)	69
(41)سند(Sanad)	70
(41)سند(Sanad)	70
(42)حدیث(Hadees)	70
(43)حدیث قولی(Hadees e qauli)	70
(44)حدیث فعلی(Hadees e fe'li)	70

(45)حدیث تقریری(Hadees e taqreeri)	71
الآیات والاحادیث-علوم الحدیث	71
الآحادیث	74

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

إنّ الحَمْدَ للّهِ، نَحْمَدُهُ، وَنَسْتَعِينُهُ، وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوذُ بِاللهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا، وَسَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَهْدِهِ اللهُ فَلاَ مُضِلّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلاَ هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاّ اللهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنّ مُحَمّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ، وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانٍ إِلَى يَوْمِ الدّينِ، وَسَلّمَ تَسْلِيماً كَثِيراً، أَمّا بَعْدُ:

آخری نبی محمد ﷺ اللہ کے پیامبر ہیں، آپ ﷺ نے امت تک ہر وہ بات پہنچادی جو اس کی نجات اور کامیابی کے لیے ضروری تھی۔ انسان نجات اور کامیابی چاہتا ہے تو اسے قرآن و حدیث سے اپنا تعلق مضبوط کر لینا چاہیے۔ کتاب "علوم الحدیث" میں یہی کاوش کی گئی کہ حدیث کے ہر پہلو پر روشنی ڈالی جائے اور اس کے علوم وفنون سے واقف کرایا جائے۔

ورکشاپ اور واٹس اپ کورس کے ذریعے اسے پڑھایا بھی جارہا ہے۔ جس سے ہزارہا طلبہ مستفید ہو رہے ہیں۔ الحمد للہ

مراحل نظریۂ نصاب:

معاشرہ میں ایک گروہ ایسا بھی پایا جاتا ہے جسے حدیث سے کوئی لگاؤ نہیں، وہ صرف قرآن ہی کو کافی سمجھتا ہے جب کہ قرآن ہی میں حدیث رسول کی پیروی کرنے کی تاکید کی گئی ہے، اسی لیے معاشرے کو حدیث سے قریب کرنے کی ہماری کافی کوششیں رہی ہیں، یہ کتاب اسی کوشش کی ایک کڑی ہے، اللہ ہماری کاوشوں کو قبول فرمائے۔ آمین!

مراحل تیاریٔ نصاب:

الحمد للہ 103 پوائنٹس میں حدیث سے متعلق علوم کو اس کتاب میں جمع کیا گیا ہے اور ساتھ ہی قواعد بیان کیے گئے ہیں، اصطلاحات اور اس موضوع سے متعلق اہم قرآنی آیات واحادیث کو بھی جمع کیا گیا ہے۔

مراحل مراجعۂ عامہ:

علماء کمیٹی نے اس کتاب پر نظر ثانی فرمائی ہے، جگہ جگہ اپنے مفید مشوروں سے نوازا ہے جس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہوگا ان شاء اللہ۔

ASKISLAMPEDIA GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

مراحل مراجعۂ خاصہ:

انفرادی طور پر کئی علماء نے خصوصی توجہ کے ساتھ اس میں حذف واضافہ کیا ہے تاکہ کتاب آسان سے آسان اور مفید ترین بن جائے۔

یہ کتاب کس کے لیے:

ورکشاپ قائم کرنے اور دروس کے سلسلے کے لیے ایک نصاب کا کام دے سکتی ہے، ان شاء اللہ!

ہدیۂ تشکر:

اس موقع پر میں اپنے ساتھ دینے والے سبھی علماء اور رفقاء کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے اس کام میں میرا بھرپور ساتھ دیا، خصوصًا شیخ عبد اللہ عمری حفظہ اللہ، شیخ نورالدین عمری حفظہ اللہ، شیخ عبد الرحمن عمری مدنی حفظہ اللہ، شیخ مجاہد عمری حفظہ اللہ، شیخ ماجد عمری حفظہ اللہ اور آسک اسلام پیڈیا کی ساری ٹیم کا بے حد ممنون ومشکور ہوں، اللہ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین!

مجھے اس قابل بنانے والے جامعہ دارالسلام، عمر آباد، تمل ناڈو، ہندوستان اور جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ، سعودی عرب کے تمام اساتذہ اور ذمہ داران کا میں بے حد ممنون ومشکور ہوں جن کی مسلسل محنتوں کے نتیجے -باذن اللہ- میں اس قابل بنا کہ قارئینِ کرام کی خدمت میں قرآن کی خدمت کا ایک تحفہ پیش کر سکوں، اللہ ہمارے اور ان سب کے میزان حسنات کو ثقیل فرمادے۔ آمین!

نوٹ: جہاں میں نے مناسب سمجھا مختلف کتابوں سے کچھ اقتباسات استفادے کی غرض سے نقل کیا، اللہ تعالی سارے مؤلفین کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دکتور حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

فاؤنڈر اینڈ ڈائریکٹر آسک اسلام پیڈیا

تاریخ: 24/ستمبر/2024ء

مطابق: 20/ربیع الاول/1446ھ

SECTION – 1

علوم الحدیث

(1)

آداب طلبِ علم
واخلاقِ طالبِ علم

1-**التخلية والتحلية** : برے اخلاق سے پاکی حاصل کرنا اور اچھے اخلاق سے مزین ہونا۔

2-اخلاص اور اتباع۔

3-وقت کو غنیمت جانو۔

4-اعلی اخلاق سے مزین ہونا خاص طور سے علماء اور اساتذہ سے اچھے اخلاق سے پیش آنا۔

5۔عمل بالعلم۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

اہمیت

﴿بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾

(سورۃ النحل:16/ 44)

ہم نے انہیں معجزات اور کتابیں دے کر بھیجا تھا، اور ہم نے آپ کی طرف قرآن نازل کیا تاکہ لوگوں کے لیے واضح طور پر بیان کر دیں جو ان کی طرف نازل کیا گیا ہے اور تاکہ وہ غور و فکر کریں۔

علوم الحدیث

(1) حدیث کا معنی

حدیث کا لغوی معنی 'جدید' یا 'نئی چیز' ہے۔

اصطلاحا: ما أُضِيفَ إلى رَسُولِ الله صلي الله عليه وسلم مِنْ قَولٍ أو عَمَلٍ أَو تَقْرِيرٍ أَوْ صِفَةٍ خَلْقِيَّةٍ أَو صِفَةٍ خُلُقِيَّةٍ.

اصطلاح میں حدیث سے مراد ہر وہ خبر ہے جو رسول اللہ ﷺ سے منسوب کی گئی ہو، جو رسول اللہ ﷺ کے قول، فعل، تقریر (اقرار)، اخلاقی اور ذاتی صفات پر مبنی ہو۔

حوالہ: (من أطیب المنح ص6)

- ❖ حدیث کا کیا معنی ہے؟
  - جو رسول ﷺ کی طرف منسوب ہو
  - صحابی یا تابعی کی طرف منسوب ہو
- ❖ کیا رسول ﷺ کے قول و فعل کو حدیث شمار کیا جائے گا؟
- ❖ کیا ہر منسوب کی ہوئی بات حدیث رسول ﷺ ہو سکتی ہے؟ (ہاں / نہیں)
- ❖ حدیث رسول ﷺ پر عمل کرنا
  - ضروری ہے ۔
  - سنت ہے۔
  - واجب ہے۔
  - فرض ہے۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

(2) سنت کا معنی

سنت کا لغوی مفہوم، راستہ، طریقہ یا قاعدہ ہے۔

شریعت میں جب سنت کا لفظ، قرآن کے ساتھ (قرآن و سنت) استعمال کیا جائے تو ایک ماخذِ قانون (source of law) کی حیثیت سے اس کا معنی "حدیث" کا ہو گا۔ یعنی قرآن، وحیِ جلی اور سنت، وحیِ خفی ہے۔ اور "حدیث" کا لفظ "سنت" کا مترادف ہو گا۔

❖ سنت کا معنی و مفہوم بتائیے؟
❖ جب لفظ سنت قرآن کے ساتھ لایا جائے تو اس کا معنی:
- حدیث
- قانون شریعت
- وحی
- سنت مؤکدہ

❖ حدیث رسول قائم مقام ہے۔۔۔۔۔۔(وحی جلی / وحی خفی) کے۔

(3) سنت اور حدیث میں فرق

عموماً "سنت" اور "حدیث" کے الفاظ ایک دوسرے کے مترادف کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں، لیکن بعض علماء، سنت سے مراد رسول اللہ ﷺ سے منسوب اقوال، افعال اور تقریر لیتے ہیں، چاہے وہ ثابت شدہ ہوں یا نہ ہوں۔ دوسرے لفظوں میں ان کے نزدیک "حدیث" عام ہے اور "سنت" خاص۔

❖ حدیث اور سنت کے الفاظ کے درمیان کیا فرق ہے؟
❖ علمائے کرام سنت سے مراد لیتے ہیں:
- رسول اللہ ﷺ کے افعال
- رسول اللہ ﷺ کے اقوال
- رسول اللہ ﷺ کے افعال و اقوال اور تقریر

(4) سنت اور بدعت

بعض اوقات "سنت" کا لفظ "بدعت" کے مقابل (بطور متضاد) استعمال کیا جاتا ہے ایسی صورت میں "سنت" سے مراد عبادات کے وہ مشروع طریقے یا خاص ہیئتیں ہیں، جو رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین سے ثابت ہوں۔ اور "بدعت" سے مراد وہ غیر مشروع عبادات اور نو ایجاد کردہ طور طریقے ہیں، جو گمراہ لوگوں نے دین کے نام پر جاری کیے ہوں اور جو سنت نبی اور سنت صحابہ سے ثابت نہیں ہیں، لیکن لوگ سنت اور شریعت سمجھ کر ان پر عمل کرتے ہیں۔

❖ سنت اور بدعت میں بڑا فرق کیا ہے؟

❖ بدعت سے مراد عبادت کا وہ طریقہ جو کسی خلیفہ یا سلف نے ایجاد کیا ہو؟

- ہاں
- نہیں

❖ گمراہ لوگ کون ہیں؟

- دین پر عمل نہ کرنے والے
- نیا دین ایجاد کرنے والے
- دین کو بدلنے والے

(5) اصطلاحی سنت کی مختلف قسموں کا خلاصہ

1) محدثین کی اصطلاح میں، سنت کا لفظ عموماً "حدیث" کا مترادف ہے، بلکہ اس میں وہ سیرت کو بھی شامل سمجھتے ہیں۔

2) فقہاء کی اصطلاح میں، سنت کا لفظ، غیر فرض مشروع عمل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

3) اصولیین کی اصطلاح میں، سنت کا لفظ، رسول اللہ ﷺ کے اس قول، فعل اور تقریر کے لیے مخصوص ہے۔ جو آپ ﷺ سے بحیثیت نبی صادر ہوا ہو۔

4) کتب عقیدہ میں سنت سے مراد صحیح عقیدہ والی کتابیں ہیں، جیسا اہل السنہ والجماعہ، اہل البدعہ والفرقہ کے مقابلہ میں استعمال ہوتا ہے۔ السنہ نامی کتابیں بہت ملتی ہیں، اس سے صحیح عقیدہ کی پہچان کروانے والے ائمہ کی معتبر کتابیں مراد لی گئی جیسے: ((السنة للامام احمد بن حنبل، السنة لابن ابي عاصم/ للخلال/ الالكائي، شرح السنة للبربهاری))

5) کبھی سنت مکمل دین و شریعت کے معنے میں استعمال ہوتا ہے جیسے "من رغب عن سنتي"

6) کبھی سنت تشیع کے بالمقابل استعمال ہوتا ہے، جیسے: اہل السنۃ اور اہل التشیع

❖ سنت اصطلاحی معنی میں استعمال ہوتا ہے:

- حدیث
- غیر فرض
- سنت رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم
- عقیدہ

(6) کتابت حدیث

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا ابتدائی حکم

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ابتداء میں احادیث کو صرف بیان کرنے کا حکم دیا اور کتابت سے منع فرمایا۔ مندرجہ ذیل حدیث ملاحظہ فرمایئے:

((لا تكتبُوا عني . ومن كتب عني غيرَ القرآنِ فليمْحُه . وحدِّثوا عني ، ولا حرجَ . ومَن كذب علَيَّ – قال همامٌ أحسبُه قال – متعمِّدًا فليتبوأْ مقعدَه من النارِ))

(مسلم:3004)

ابو سعید خدری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

میری طرف سے کچھ نہ لکھو، اگر کسی نے قرآن کے علاوہ کچھ لکھا تو اسے چاہیے کہ اسے مٹادے۔ مجھ سے حدیث بیان کرو، کوئی مضائقہ نہیں۔ البتہ جس نے مجھ پر (راوی ہمام کے خیال میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا) جانتے بوجھتے جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا آخری حکم

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے بعد میں احادیث لکھنے کی اجازت دے دی۔

اس سلسلے میں ہمیں مندرجہ ذیل حدیثیں ملتی ہیں:

((اكْتُبْ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا يَخْرُجُ مِنْهُ إِلاَّ حَقٌّ))

(أبو داود:3646، صححہ الالبانی)

لکھو، قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس منہ سے حق کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔

((عن عبد الله بن مسعود قال : نَضَّرَ اللهُ امْرَأً سَمِعَ مَقَالَتِي فَوَعَاهَا وَحفِظَهَا وَبَلَّغَهَا))

(ترمذي:2658، صححہ الالبانی)

"اللہ تعالی اس بندے کو تروتازہ اور خوش وخرم رکھے! جس نے میری بات سنی، اسے یاد کیا اور محفوظ رکھا اور پھر دوسروں تک اسے پہنچایا۔"

((ائْتُوني بكِتابٍ أكتُب لكم كتابًا لا تضِلُّوا بعدهُ))

(البخاري:114)

میرے پاس لکھنے کا سامان لاؤ کہ میں تمہیں ایک ایسی بات بتاؤں جس کے بعد تم گمراہ نہ ہوگے۔

خلاصہ

1) تطبیق دینا لازم ہے۔(اگر تعارض رفع کرنے کا امکان ہو تو جمع بہتر ہے رد سے)
2) ممانعت ابتدائی حکم ہے اور اجازت اس کی ناسخ ہے۔(حافظ ابن حجر عسقلانی–فتح الباری)
3) رسول اللہ ﷺ نے ابتداء میں منع فرمایا پھر کتابت کی اجازت دی۔(ابن جوزی–رسالہ الناسخ والمنسوخ)
4) رسول اللہ ﷺ نے ابتداء میں کتابت سے منع فرمایا پھر کتابت وتقیید کی اجازت دے دی۔(ابن قتیبہ-تاویل مختلف الحدیث)
5) اس مسئلے کو ثابت کرنے کے لیے خطیب بغدادی نے "تقیید الاحادیث" کتاب لکھی۔

- کتابت حدیث سے متعلق ابتدائی حکم کیا تھا؟
- حدیث کو صحیح طور پر سن کر دوسروں تک ویسے ہی پہنچانے پر کیا فضیلت ہے؟

(7) نوعیت کے اعتبار سے حدیث کی قسمیں

نوعیت کے اعتبار سے حدیث کی تین قسمیں ہیں: قولی، فعلی اور تقریری۔

(8)حدیث قولی

(1)

حدیث قولی اس حدیث کو کہتے ہیں، جو رسول اللہ ﷺ کے قول پر مبنی ہو۔

((وَأَطِيعُوا اللّٰـهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ))

(المائدة:92)

اطاعت کا مرحلہ قول و حکم کے بعد ہے، اس سے حدیث قولی کے ثبوت کا استنباط ہوتا ہے۔

حدیث قولی کی مثال

((صلاةٌ في مسجدي هذا خيرٌ من ألفِ صلاةٍ فيما سواهُ، إلا المسجدَ الحرامَ))

(البخاري:1190)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد (مسجد نبوی) میں نماز پڑھنا ،مسجد حرام (مکۃ المکرمہ) کے علاوہ، دوسری تمام مسجدوں میں نماز پڑھنے سے (ثواب کے اعتبار سے) ایک ہزار گنا افضل ہے۔

حدیث قولی سے مراد:

- جو آپ ﷺ نے کہا
- جو آپ ﷺ نے کیا
- جو آپ ﷺ نے کرنے کا حکم دیا
- حدیث رسول پر اطاعت کب واجب ہوگی؟

(9)حدیث فعلی

(2)

حدیث فعلی، اس حدیث کو کہتے ہیں، جو رسول اللہ ﷺ کے عمل پر مبنی ہو۔

﴿قُلۡ إِن كُنتُمۡ تُحِبُّونَ ٱللَّهَ فَٱتَّبِعُونِي﴾

(آل عمران:31)

حدیث فعلی کی مثال

((غزَوْنا معَ النبيِّ صلَّى اللهُ عليه وسلَّم سبعَ غزَواتٍ أو سِتًّا، كُنَّا نأكُلُ معَه الجَرادَ))

(البخاري:5495)

ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات یا چھے لڑائیوں میں حصہ لیا، ہم آپ کے ساتھ ٹڈی (locusts) کھایا کرتے تھے۔

- ہر وہ حدیث جس پر رسول کا عمل ثابت ہو کیا امت کے لیے قابل عمل ہے؟

(10) حدیث تقریری

(3)

﴿لَّقَدۡ كَانَ لَكُمۡ فِي رَسُولِ ٱللَّهِ أُسۡوَةٌ حَسَنَةٌ﴾

(الأحزاب:21)

حدیث تقریری، اس حدیث کو کہتے ہیں، جو رسول اللہ ﷺ کا قول یا عمل نہ ہو، بلکہ صحابہ رضی اللہ عنہم کا قول یا عمل ہو، جو آپ ﷺ کی موجودگی میں ہوا- اور آپ ﷺ نے خاموشی اختیار فرمائی ہو، یا آپ ﷺ کے سامنے کسی عمل کا ذکر کیا گیا اور آپ ﷺ نے خاموشی اختیار فرماکر، سند جواز فراہم کردی ہو۔ دوسرے لفظوں میں وہ عمل یا قول، جسے آپ ﷺ نے گوارا فرمایا یا برقرار رکھا۔

حدیث تقریری کی مثال

سنن ابی داؤد کی صحیح حدیث ہے: ایک دن رسول اللہ ﷺ غزوۂ تبوک یا غزوۂ خیبر سے واپس لوٹے (تو عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے) اس وقت گھر کی الماری پر پردہ لٹک رہا تھا۔ اچانک ہوا چلی تو عائشہ رضی اللہ عنہا کی پڑی ہوئی گڑیاؤں پر سے پردہ سرک گیا تو رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: اے عائشہ! یہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: یہ میری گڑیاں ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: ان کے درمیان میں میں کیا دیکھ رہا ہوں؟ فرمایا: گھوڑا، پوچھا: اس گھوڑے کے اوپر کیا ہے؟ فرمایا: دو پر ہیں، پوچھا گھوڑا اور اس کے پر بھی! عائشہ نے جواب دیا کیا آپ نے نہیں سنا سلیمان بن داود کے گھوڑے پر والے تھے۔ عائشہ کی یہ باتیں سن کر

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہنس پڑے یہاں تک کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے دندانِ مبارک دکھائی دینے لگے۔

(ابو داود:4932)

(11) علم روایت

یہ علم رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے منسوب احادیث کی نقل و روایت پر مشتمل ہوتا ہے۔

- علم روایت سیکھنا کس طبقے کے طالب علم کے لیے مناسب ہے؟

(12) علم درایت

ان مضامین و موضوعات پر مشتمل ہوتا ہے، جس میں راوی اور مروی (حدیث) دونوں کی قبولیت اور عدم قبولیت کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں علم درایت سے:

1) راوی کی شرطیں، روایت کی قسمیں اور روایت کے احکام کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔
2) مرویات (احادیث) کی قسموں اور ان کے معانی کے استخراج کا علم حاصل ہوتا ہے۔

- علم درایت کن چیزوں پر بحث کرتا ہے؟

(13) السند (chain)

سند کے لغوی معنی "سہارے" کے ہیں۔

اصطلاح حدیث میں "سند" سے مراد، راویوں کا وہ سلسلہ ہے، جو تبع تابعی، تابعی، صحابی سے ہو کر اس "متن" (text) تک پہنچتا ہے، جو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے منسوب ہے۔

سلسلة الرجال الموصلة الي المتن (من اطيب المنح ص 7)

سند کی مثال

"الأعمش عن إبراهيم، عن علقمة، عن عبد الله قال رسول الله ﷺ" ایک "سند" ہے۔ اس سند میں:

A. اعمش (ت147ھ) راوی ہیں، جو اپنے استاد ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ (تبع تابعی) سے روایت کرتے ہیں۔

B. ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ (ت96ھ)، اپنے استاد علقمہ (تابعی) سے روایت کرتے ہیں۔

C. علقمۃ(ت62ھ)،اپنے استاد عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (صحابی) سے روایت کرتے ہیں۔

D. عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (ت32ھ)،رسول اللہ ﷺ(ت11ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

❖ سند کی تعریف کیجیے؟اور مثال بیان کیجیے۔

(14)المتن(text)

متن کے لغوی معنی،زمین کا وہ سخت حصہ ہے،جو سطح سے کچھ بلند ہو۔

علم حدیث کی اصطلاح میں "متن" سے مراد کلام کا وہ حصہ ہے،جو سند کے اختتام پر شروع ہوتا ہے۔

ما ينتهي اليه السند من الكلام حواله : (من اطيب المنح ص7)

متن کی مثال

((حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ : إن رسولَ اللهِ صلَّى اللهُ عليه وسلَّم قال : إذا شَرِبَ الكلبُ في إناءِ أحدِكم فليغسِلْه سبعًا))

(البخاري:172)

"جب کتا تمہارے کسی آدمی کے برتن میں سے پی لے تو اسے چاہیے کہ اس برتن کو سات مرتبہ دھولے"

مندرجہ بالا حدیث میں "اذا" سے لے کر "سبعا" تک کے الفاظ متن ہیں۔

← متن کی لغوی اور اصطلاحی تعریف کیجیے؟

(15)سلسلۃ الذہب امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ(179ھ)-->نافع رحمۃ اللہ علیہ(117ھ)-->عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما(73ھ)-->رسول اللہ ﷺ(11ھ)

(16)اصح الاسانید کا چارٹ

مندرجہ ذیل پانچ(5)سندیں،مختلف علماء کے نزدیک صحیح ترین سمجھی جاتی ہیں۔(تدریب الراوی)

	بمطابق	سند
1	اسحاق بن راھویہ اور احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہما	زھری رحمۃ اللہ علیہ (124ھ)--<سالم رحمۃ اللہ علیہ (106ھ)[عن ابیہ] --<عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما (73ھ)--<محمد صلی اللہ علیہ وسلم (11ھ)
2	فلاس اور علی بن المدینی (234ھ) رحمۃ اللہ علیہما	ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ (110ھ)--<عبیدہ بن عمرو السلمانی رحمۃ اللہ علیہ (72ھ) --<علی رضی اللہ عنہ (40ھ)--<محمد صلی اللہ علیہ وسلم (11ھ)
3	یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ (233ھ) رحمۃ اللہ	الاعمش رحمۃ اللہ علیہ (147ھ) --< ابراھیم رحمۃ اللہ علیہ (96ھ) --< علقمہ رحمۃ اللہ علیہ (62ھ)--<عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (32ھ)--م<محمد صلی اللہ علیہ وسلم (11ھ)
4	ابو بکر بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ	زھری رحمۃ اللہ علیہ (124ھ) -- < علی زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ (94ھ) --< حسین رضی اللہ عنہ (62ھ)--< علی رضی اللہ عنہ (40ھ)--< محمد صلی اللہ علیہ وسلم (11ھ)
5	امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ (255ھ)	مالک رحمۃ اللہ علیہ (179ھ) --< نافع رحمۃ اللہ علیہ (117ھ) --< عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما (73ھ)--< محمد صلی اللہ علیہ وسلم (11ھ)

(17) بکثرت روایت کرنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم

	اسماء	تعداد روایات
1	ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ	5374
2	عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما	2630
3	انس بن مالک رضی اللہ عنہ	2286
4	عائشہ رضی اللہ عنہا	2210
5	جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما	1540
6	عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما	1660
7	ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ	1170

(18) بکثرت روایت کرنے والے تابعین رحمۃ اللہ علیہم

- عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ
- شعبہ بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ
- عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ
- عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ (مولی ابن عباس رضی اللہ عنہما)
- سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ
- سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ
- حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ
- الامام الزہری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہم

(19) مصطلح الحدیث سے متعلق کتب

کتب	مؤلف	وفات
1-المحدث الفاصل بين الراوي والواعي	القاضي أبو محمد الحسن بن عبدالرحمن بن خلاد الرامهرمزي الفارسي	360ہجری
2-معرفة علوم الحديث	أبو عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري	405ہجری
3-الكفاية في علم الرواية 4-الجامع لأخلاق الراوي وآداب السامع	أبو بكر أحمد بن علي بن ثابت بن أحمد بن مهدي الخطيب البغدادي (المشهور)	463ہجری
5-علوم الحديث	أبو عمرو عثمان بن عبد الرحمن الشهرزوري، المشهور بابن الصلاح	643ہجری
6-التقريب والتيسير لمعرفة سنن البشير النذير في أصول الحديث	أبو زكريا محيي الدين يحيى بن شرف النووي	676ہجری

7- تدريب الراوي في شرح تقريب النواوي	جلال الدين عبد الرحمن بن أبي بكر السيوطي	911ہجری
8-نظم الدرر في علم الأثر:(ألفية الحديث)	زين الدين عبد الرحيم بن الحسين العراقي	806ہجری
9- فتح المغيث في شرح ألفية الحديث	محمد بن عبد الرحمن السخاوي	902ہجری
10-نخبة الفكر في مصطلح أهل الأثر نزهة النظر في توضيح نخبة الفكر في مصطلح أهل الأثر	أبو الفضل أحمد بن علي بن محمد بن أحمد بن حجر العسقلاني	852ہجری
11-المنظومة البيقونية	عمر (أوطه) بن محمد بن فتوح البيقوني الدمشقي	1080ہجری
12-قواعد التحديث من فنون مصطلح الحديث	المؤلف: محمد جمال الدين بن محمد سعيد بن قاسم الحلاق القاسمي	1332ہجری
فجزى الله الجميع عنا وعن المسلمين خير الجزاء.		

(20)کتب ستہ کی تعداد روایات

اسماء	تعدادِ حدیث	صحیح	ضعیف	بمطابق
صحیح البخاری	2602 (ابن حجر) ولکن مع التکرا ر7563 (فؤاد)متفق علیها 1906 (فؤاد عبد الباقی)عدد احادیث الصحیحین بدون تکرار 2980 (ملتقی اهل الحدیث کی ایک تحقیق) 2507(شیخ یحیی کی تحقیق)(1)	7563	0	فواد عبد الباقی رحمۃ اللہ علیہ(2)

صحیح مسلم	3033(فؤاد)ولكن مع التكرار مع الشواهدوالمتابعات7385(مشهور حسن)	7385	0	فواد عبد الباقی رحمۃ اللہ علیہ (3)
جامع الترمذی	3956	3101	832	شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ
سنن ابوداود	5274	4393	1127	شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ
سنن نسائی	5761	5314	447	شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ
سنن ابن ماجہ	4341	3503	948	شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ

(1)

تحقيق الشيخ يحيي اليحيي

1–عدد الأحاديث التي اتفق عليهما البخاري ومسلم 1519 حديثاً هذا رقم آخر حديثٍ ذكره في المجلد الرابع

2– عدد الأحاديث التي انفرد بها البخاري دون مسلم هو 414 حديثاً هذا رقم آخر حديثٍ ذكره في المجلد الخامس

3– عدد الأحاديث التي انفرد بها مسلم دون البخاري هو 574 حديثاً هذا رقم آخر حديثٍ ذكره في المجلد السادس

4– وهذا يعني أن عدد أحاديث البخاري هو 1933 حديثاً وهو مجموع المتفق عليه 1519 والذي انفرد به البخاري دون مسلم 414

5– وهذا يعني أن عدد أحاديث مسلم 2093 وهو مجموع المتفق عليه 1519 وما انفرد به مسلم دون البخاري 574

6– وعليه فمجموع ما انفرد بها الشيخان دون أحدهما الآخر هو 988 حديثاً وهو مجموع ما انفرد به البخاري دون مسلم 414 وما انفرد به مسلم دون البخاري 574

7– فعليه يكون عدد الأحاديث التي في الصحيحين دون المكرر هو 2507 حديثاً وهو مجموع المتفق عليه 1519 وما انفرد به احدهما دون الآخر 988

(2)

هل فعلا ظهر خلاف بين ابن حجر و النووي حول عدد أحاديث البخاري]

.[ضفيري عزالدين]ــــ[05 - 10 - 06, 03:33 م].

و هذا الأمر مثبت في هدي الساري فهل من اقوال للعلماء في موضوع الخلاف الحاصل بين ابن حجر و النووي في عدد الأحاديث؟؟؟؟ و جزاكم الله خيرا.

.[أبو حازم الكاتب]ــــ[07 - 10 - 06, 07:57 ص].

بسم الله الرحمن الرحيم

والصلاة والسلام على رسول الله وبعد:

قال النووي _ رحمه الله _ في كتابه التقريب (1/ 102 مع تدريب الراوي): (وجملة ما في البخاري سبعة آلاف وما ئتان وخمسة وسبعون حديثاً بالمكررة وبحذف المكررة أربعة آلاف) وقد تابع النووي في ذلك ابن الصلاح في مقدمته وهو _ أي النووي _ هنا اطلق الأحاديث ولم يقيدها بالمسندة بينما في شرح البخاري قال: (جملة ما في صحيح البخاري من الأحاديث المسندة سبعة آلاف ومائتان وسبعون حديثاً بالأحاديث المكررة، وبحذف المكررة نحو أربعة آلاف) وتبعهما على هذا ابن الملقن في المقنع (1/ 64) وعلق الحافظ على كلام النووي الأخير بقوله: (فأخرج بقوله (المسندة) الأحاديث المعلقة وما أورده في التراجم والمتابعة وبيان الاختلاف بغير إسناد موصل فكل ذلك خرج بقوله (المسندة) بخلاف اطلاق ابن الصلاح) ثم بين الحافظ ما اختاره في عدد مافي صحيح البخاري فقال: (جميع ما في صحيح البخاري من المتون الموصولة بلا تكرير على التحرير ألفا حديث وستمائة حديث وحديثان ومن المتون المعلقة المرفوعة التي لم يوصلها في موضع آخر من الجامع المذكور مائة وتسعة وخمسون حديثا فجميع ذلك ألفا حديث وسبعمائة وأحد وستون حديثا) ثم قال: (فجملة ما في الكتاب من التعاليق ألف وثلاث مائة واحد وأربعون حديثا وأكثرها مكرر مخرج في الكتاب أصول متونه وليس فيه من المتون التي لم تخرج في الكتاب ولو من طريق أخرى إلا مائة وستون حديثا قد أفردتها في كتاب مفرد لطيف متصلة الأسانيد إلى من علق عنه وجملة ما فيه من المتابعات والتنبيه على اختلاف الروايات ثلاثمائة واحد وأربعون حديثا فجميع ما في الكتاب على هذا بالمكرر تسعة آلاف واثنان وثمانون حديثا وهذه العدة خارج عن الموقوفات على الصحابة والمقطوعات عن التابعين فمن بعدهم وقد استوعبت وصل جميع ذلك في كتاب تعليق التعليق وهذا الذي حررته من عدة ما في صحيح البخاري تحرير بالغ فتح الله به لا أعلم من تقدمني إليه وأنا مقر بعدم العصمة من السهو والخطأ والله المستعان) (ص 469)

وعلل العراقي الاختلاف في تعداد ما في البخاري معلقا على تعداد ابن الصلاح والنووي بقوله: (هذا مسلم في رواية الفربري، وأما رواية حماد بن شاكر فهي دون رواية الفربري بمائتي حديث، ورواية إبراهيم ابن معقل دونهما بثلاثمائة) التبصرة (1/ 47)

لكن الحافظ ابن حجر تعقب العراقي بقوله هذا فقال: (إن عدة احاديث البخاري في رواية الثلاثة سواء، وإنما حصل الاشتباه من جهة أن الأخيرين فاتهما من سماع الصحيح على البخاري ما ذكر من آخر الكتاب فروياه بالإجازة فالنقص إنما هو في السماع لا في الكتاب) النكت على كتاب ابن الصلاح (1/ 294)

ثم إن الحافظ علل سبب الاختلاف فقال: (تأولته على أنه يحتمل أن يكون العاد الأول الذي قلدوه في ذلك كان إذا رأى الحديث مطولا في موضع ومختصرا في موضع آخر يظن أن المختصر غير المطول إما لبعد العهد به أو لقلة المعرفة بالصناعة ففي الكتاب من هذا النمط شيء كثير وحينئذ يتبين السبب في تفاوت ما بين العددين والله الموفق) هدي الساري (ص 477)

-[ضفيري عزالدين]ــــ[08 - 10 - 06, 01:10 ص]-

جزاك الله خيرا.

-[محمد الأمين]ــــ[17 - 04 - 08, 07:49 ص]-

بين الحافظ ما اختاره في عدد مافي صحيح البخاري فقال: (جميع ما في صحيح البخاري من المتون الموصولة بلا تكرير على التحرير 2602

ومن المتون المعلقة المرفوعة التي لم يوصلها في موضع آخر من الجامع المذكور 195 حديثا فجميع ذلك 2761 حديثا)

ثم قال: (فجميع ما في الكتاب على هذا بالمكرر 9082 حديثا وهذه العدة خارج عن الموقوفات على الصحابة والمقطوعات عن التابعين فمن بعدهم وقد استوعبت وصل جميع ذلك في كتاب تعليق التعليق وهذا الذي حررته من عدة ما في صحيح البخاري تحرير بالغ فتح الله به لا أعلم من تقدمني إليه وأنا مقر بعدم العصمة من السهو والخطأ والله المستعان) (ص 469)

هذه الأرقام التي ذكرها ابن حجر تبدو أصح بكثير مما ذكر غيره والله أعلم

https://al-maktaba.org/book/31615/6671

(3)

قال فضيلة الشيخ مشهور بن حسن آل سلمان – حفظه الرحمن – في شرح (الكافي في علوم الحديث) (ص 145) بعد أن ذكر أخطاء الأستاذ محمد فؤاد عبدالباقي – رحمه الله – في طريقة عدّه لأحاديث صحيح مسلم :

(وهذا الذي ذكرته هنا – أي من الأخطاء التي وقع فيها – غيض من فيض ، يدل على عدم الاعتداد بترقيم محمد فؤاد عبدالباقي لـ(صيحيح مسلم) وأنه بحاجة إلى ترقيم جديد ، وأن ما فيه من عدد (3033) من غير تَكرار ليس بدقيق ، إذ لم يحصر المكرر ، ومنه يظهر ما في قوله في (خاتمة طبعته من "صحيح مسلم" (5 / 601) عن عدد الأحاديث من غير تَكرار :

(وهو عمل ما سبقني إليه أحد من جميع المشتغلين بهذا الصحيح ، يرتكز على أساس سليم ، فجئتُ أنا بهذا الحصر كي أضع ، إذ كان جُلّ جهدهم أن يطلقوا عدداً ما ورقماً تخميناً وارتجالاً ، لا حداً حاسماً فاصلاً لهذا الاضطراب والبلبلة ، والحمد لله) .

قلت : يا ليته فعل ! فالأمثلة المتقدمة تدلل على ذلك بوضح ، ويزيده ظهوراً ؛ ما جعله (متابعات) و (شواهد) . فهو لم يقم على أصل سليم ، ووقع فيه (بلبلة) و (اضطراب) ، ومن المعلوم أن مقصد عبد الباقي ترقيم الكتب والأبواب والأحاديث لتتطابق مع (المعجم المفهرس لألفاظ الحديث) الذي وضعه د . آبي فنسنك . وبمقارنة الجدول الذي وضعه في (ص هـ) في مطلع كتابه (مفتاح كنوز السنة) من ذكره لعدد الأحاديث في كل كتاب من كتب (صحيح مسلم) مع ترقيم محمد فؤاد عبدالباقي نجد فروقاً تدلل على (اضطراب) و (بلبلة) ، مثل (كتاب النكاح) فعدد أحاديثه عند عبدالباقي (143) حديثاً ، بينما عند فنسنك (110) أحاديث ، و (كتاب الرضاع) عند الأول (63) حديثاً ، بينما عند الآخر (134) ؛ و (كتاب الطلاق) عند الأول (67) حديثاً ، بينما عند فنسنك (32) حديثاً ؛ و (كتاب الفرائض) عند عبدالباقي (17) حديثاً ، وعند الآخر (21) حديثاً .

بينما نقص ترقيم عبدالباقي حديثاً واحداً عن ترقيم الآخر في كل من الكتب : (الجنائز) و (العتق) و (الذكر والدعاء) و (التوبة) .

وأخيراً ؛ بقي بعد هذا كله : معرفة عدد ما في (صحيح مسلم) من الأحاديث بالمكرر ، وهذا سهل ، ويمكن ضبطه ، ذلك لما كان الشيخ محمد فؤاد عبدالباقي قد وضع رقماً للحديث يدل على موقعه في الكتاب الذي فيه ـ وتسلسل هذا الرقم في الكتاب الواحد ـ ؛ سهل تجميع عدد أحاديثكل كتاب ، وبجمع هذه الأعداد يكون عدد ما في (صحيح مسلم) من الأحاديث المكررة (5770)

حديثاً ، عدا أحاديث المقدمة ، وفيها سبعة أحاديث أصول في عدّ الشيخ محمد فؤاد رحمه الله تعالى .

إلا أن الترقيم الذي وضعه الشيخ محمد فؤاد للأحاديث الأصول في الباب دون المتابعات والشواهد ،وبتتبع عددها مفردة تبلغ (1615) حديثاً ، عدا المقدمة ، وفيها ثلاثة .

وعلى ضوء ما سبق يكون عدد أحاديث هذا (الصحيح) بالمكرر ومع الشواهد والمتابعات (7395) حديثاً ، عدا أحاديث المقدمة ، وهي عشرة ، والله تعالى أعلم .

ونكون بذلك قد قطعنا الاضطراب والبلبلة في عدد أحاديث هذا الكتاب ، والحمد لله الموفق للصواب

https://kulalsalafiyeen.com/vb/showthread.php?t=51793

(21)اصحاب کتب ستہ

اسماء	پیدائش	وفات
1-امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ:أبو عبد الله، محمد بن إسماعيل بن إبراهيم بن المغيرة ابن بردزبه البخاري الجعفي	194ھ	256ھ
چند معروف اساتذہ	احمد بن حنبل، علی بن المدینی، یحیٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہما	
چند معروف تلامذہ	مسلم, ترمذی، (ابوزرعہ رازی، ابوحاتم رازی ھما من الا قران) رحمۃ اللہ علیہما	
2-امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ: أبو الحسين مسلم بن الحجاج القشيري النيسابوري	204ھ	261ھ
چند معروف اساتذہ	احمد بن حنبل، بخاری، یحیٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہما	
چند معروف تلامذہ	ترمذی، عبد الرحمن بن ابوحاتم رازی رحمۃ اللہ علیہما	
3-امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ:أبو عبد الله محمد بن يزيد القزويني، وماجة اسم أبيه يزيد	209ھ	273ھ
چند معروف اساتذہ	ابو بکر ابن ابی شیبہ، ابراہیم بن منذر، ابوذرعہ رحمۃ اللہ علیہما	

چند معروف تلامذہ: ابراہیم بن دینار، جعفر بن ادریس رحمۃ اللہ علیہما		
4-امام ابوداود رحمۃ اللہ علیہ: أبو داود سليمان بن الأشعث السِّجِسْتاني	202ھ	275ھ
چند معروف اساتذہ: احمد بن حنبل، ابو بکر بن ابی شعبہ، اسحٰق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہم		
چند معروف تلامذہ: ترمذی، عبد الرحمن بن خلاد رامہرمزی رحمۃ اللہ علیہما		
5-امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ: محمد بن عيسى أبو عيسى	209ھ	279ھ
چند معروف اساتذہ: بخاری، مسلم، قتیبہ بن سعید، ابراھیم الہروی		
چند معروف تلامذہ: حماد بن شاکر الوارق، حسین بن یوسف الفربری		
6-امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ: أبو عبد الرحمن أحمد بن شعيب بن علي النسائي	215ھ	303ھ
چند معروف اساتذہ: بخاری، مسلم، ابوداؤد، ترمذی		
چند معروف تلامذہ: ابو جعفر طحاوی، اَبو القاسم الطبرانی		

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

(22)تعدد طرق کے اعتبار سے حدیث کی قسمیں

تعدد طرق کے اعتبار سے حدیث کی دو قسمیں ہیں:

← (1)متواترہ(خبر متواتر)

← (2)آحاد(خبر واحد)

تعدد طرق کے اعتبار سے حدیث کی کتنی قسمیں ہیں؟

(23)اخبار متواترہ

❖ اخبار متواترہ ان حدیثوں کو کہتے ہیں، جنہیں ہر دور میں (یعنی سند کے آغاز،وسط اور آخر میں) اتنی بڑی تعداد میں روایت کیا گیا ہو کہ ان کی غلط بیانی اور جھوٹ پر متفق ہونا ممکن نہ ہو۔

❖ حدیث متواتر میں، ہر طبقے کے راویوں کی زیادہ سے زیادہ اور کم از کم تعداد کے بارے میں محدثین کا اختلاف ہے۔

❖ ایک قول یہ ہے کہ ہر دور میں کم سے کم دس راویوں کا ہونا ضروری ہے۔(امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ترجیح دی)

❖ ایک قول یہ ہے کہ ہر دور اور طبقہ میں کثیر تعداد ہو لیکن کم سے کم یا زیادہ سے زیاد کا عدد متعین نہیں ۔(ابن حجر، ابو الاشبال)عدد مقصود نہیں یقین مطلوب ہے مع کثرتِ عدد۔

❖ حدیث متواتر کی دو قسمیں ہیں۔ متواتر لفظی اور متواتر معنوی۔

← اخبار متواتر کی حدیث میں کتنی تعداد ہونا ضروری ہے؟

(24) متواتر لفظی

متواتر لفظی، وہ حدیث ہے، جس کے الفاظ اور معنی دونوں متواتر ہوتے ہیں۔ اس کی مثالیں یہ ہیں۔

1-مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ-(بخاری: 110)

جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں کر لے۔

اس حدیث کو ستر 70 سے زیادہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے روایت کیا ہے۔

2-موزوں پر مسح کی حدیث بھی، ایک متواتر لفظی ہے۔

← متواتر لفظی کی کوئی مثال بیان کیجیے؟

← اگر کوئی جان بوجھ کر کوئی حدیث گھڑے تو اس کا حکم کیا ہے؟

(25) متواتر معنوی

متواتر معنوی، وہ حدیث ہے، جس کے معانی متواتر ہوں، لیکن الفاظ میں تواتر نہ پایا جاتا ہو۔

مثلاً: دعا کے لیے دونوں ہاتھوں کا اوپر اٹھانا۔

اس بارے میں کئی حدیثیں ہیں، لیکن ان کے الفاظ مختلف ہیں۔ لیکن ان تمام حدیثوں کا مفہوم یہ کہتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب دعا کرتے تھے تو اپنے دونوں ہاتھ اوپر اٹھاتے تھے۔

← متواتر معنوی کی کوئی حدیث بیان کیجیے؟

(26) اخبار آحاد

اخبار آحاد، ان حدیثوں کو کہتے ہیں، جو اخبار متواترہ کی شرائط پر پوری نہ اترتی ہوں یا تعداد میں تواتر کی حد تک نہ پہنچے۔ خبر واحد کی تین قسمیں ہیں:

1) حدیث مشہور: جس کے راویوں کی تعداد، کسی دور یا طبقے میں تین ہو یا اس سے زیادہ عدد میں ہوں مگر تواتر کی حد تک نہ پہنچیں۔ اور اسے مستفیض بھی کہا جاتا ہے۔
2) حدیث عزیز: جس کے راویوں کی تعداد، کسی دور یا طبقے میں دو ہو۔
3) حدیث غریب: جس کے راویوں کی تعداد، کسی دور یا طبقے میں ایک ہو۔ اور اسے فرد بھی کہتے ہیں۔

(27) نسبت کے اعتبار سے حدیث کی تقسیم

حدیث قدسی	حدیث مرفوع	حدیث موقوف	حدیث مقطوع
اللہ سے منسوب	رسول ﷺ سے منسوب	صحابی سے منسوب	تابعی یا تبع تابعی سے منسوب

(28) حدیث قدسی

❶

حدیث قدسی، رسول اللہ ﷺ سے منسوب اس روایت کو کہتے ہیں، جس میں رسول اللہ ﷺ روایت کو، اللہ تعالی سے منسوب کرتے ہیں۔

حدیث قدسی میں اللہ تعالی کے لیے متکلم کا صیغہ (first person) استعمال کیا جاتا ہے، ان احادیث کی تعداد، دو سو (200) سے زیادہ نہیں ہے۔

❖ حدیث قدسی کی کوئی مثال بیان کیجیے۔

❖ حدیث قدسی کہتے ہیں:

- اللہ کی بات
- رسول اللہ ﷺ کی بات
- صحابی کی بات
- اسلاف کی باتیں

(29) قرآن اور حدیث قدسی میں فرق

1) قرآن مجید اللہ کا کلام ہے اور اس کے الفاظ و معنی اللہ کی طرف سے ہیں-جب کہ حدیث قدسی میں مفہوم اللہ تعالی کی طرف سے ہوتا ہے اور الفاظ اللہ کے نبی ﷺ کے ہوتے ہیں۔

2) رآن کی تلاوت سے صلاۃ ادا کی جاتی ہے جب کہ حدیث قدسی سے صلاۃ کی قراءت نہیں کی جاتی (ویسے نیکی کا کام ہے)- گویا قرآن وحی متلو ہے اور حدیث قدسی وحی غیر متلو ہے۔

3) قرآن کے ثبوت کے لیے امت کا اتفاق اور تواتر کا ہونا شرط ہے مگر حدیث قدسی کے لیے یہ شرط نہیں ہے۔

4) قرآن مجید جبرئیل علیہ السلام کے ذریعے نازل ہوا ہے مگر حدیث قدسی میں اس فرشتے کا واسطہ اور ذریعہ ہونا ضروری نہیں۔

5) (5) قرآن معجزہ ہے اور حدیث قدسی معجزہ نہیں ہے۔

← قرآن اور حدیث قدسی میں بنیادی فرق کیا کیا ہے؟

(30) حدیث مرفوع

2

علم حدیث کی اصطلاح میں مرفوع حدیث سے مراد، وہ قول، فعل یا تقریر اور صفت ہے جس کی نسبت رسول اللہ ﷺ سے کی گئی ہو **صراحۃً** یا **حکماً**۔

حدیث مرفوع صحیح، حسن، ضعیف اور موضوع بھی ہو سکتی ہے۔

← مرفوع حدیث سے کیا مراد ہے؟ اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟

(31) حدیث موقوف

3

- علم حدیث کی اصطلاح میں "موقوف" سے مراد وہ قول، فعل یا تقریر ہے، جس کی نسبت کسی صحابی کی طرف کی گئی ہو۔
  حدیث موقوف: صحیح، حسن، ضعیف اور موضوع بھی ہو سکتی ہے۔
- حدیث موقوف فعلی کی مثال: أم ابن عباس وهو متيمم۔ (بخاری، کتاب التیمم، باب6)
- "ابن عباس رضی اللہ عنہما نے تیمم کی حالت میں نماز کی امامت کی۔"

- یہ عمل، ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فعل ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نہیں، لہذا یہ حدیث موقوف ہے۔
- حدیث موقوف تقریری کی مثال: "فعلت كذا أمام أحد الصحابة ولم ينكر علي"
- "میں نے یہ کام، ایک صحابی کے سامنے کیا اور انھوں نے اس پر مجھے نہیں ٹوکا۔"

← موقوف حدیث پر عمل کرنا کیسا ہے؟

(32) حدیث مقطوع

4

- علم حدیث کی اصطلاح میں "مقطوع" اس قول کو کہتے ہیں، جس کی نسبت "کسی تابعی" یا اس سے نیچے کے کسی شخص کی طرف کی گئی ہو۔ اس حدیث کا مضمون (متن) کسی تابعی یا اس سے نیچے کے شخص کی طرف منسوب ہوتا ہو۔
- حدیث مقطوع کی مثال:
- ابراہیم بن منتشر کا قول ہے کہ "مسروق تابعی اپنے گھر والوں کے درمیان پردہ لٹکا کر، اس طرح نماز میں مشغول ہو جاتے کہ انہیں اپنے گھر والوں کی سرگرمیوں کا علم نہ ہوتا"
- یہ حدیث، مسروق (63ھ) کے عمل کے بارے میں ہے۔ جو ایک مشہور تابعی ہیں اور مشہور صحابی عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد ہیں۔

← مقطوع حدیث کی مثال لکھیے۔

(33) تعریفات عربی زبان میں

تَعْرِيفُ الْمُتَوَاتِر:

مَا رَوَاهُ عَدَدٌ كَثِيرٌ عَنْ مِثْلِهِمْ، بِحَيْثُ تُحِيلُ الْعَادَةُ تَوَاطُؤَهُمْ وَتَوَافُقَهُمْ عَلَى الْكَذِبِ وَأَسْنَدُوهُ إِلَى شَيْءٍ مَحْسُوسٍ.

1-نزهة النظر (ص56)

النُّقْطَةُ الأُولَى: الْعَدَدُ الْكَثِيرُ (الرَّاجِحُ عَدَمُ التَّعْيِينِ)

النقطة الثانية: أَنْ تَكُوْنَ هَذِهِ الْكَثْرَةُ فِي جَمِيعِ الطَّبَقَاتِ

النقطة الثالثة: تُحِيْلُ الْعَادَةُ تَوَاطُؤَهُمْ عَلَى الْكَذِبِ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION

النقطة الرابعة : مُستَنَدُ خبرِهم الحِسُّ كقولِ الرَّاوی : سَمِعتُ أوْ رأيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ

2.مِنْ أَطْيَبِ المِنَحِ(ص8)

تعريف الآحاد

(1) **ما لم يَجْمَعْ شُرُوطَ المُتَوَاتِر**

ابن حجر: نُزْهَةُ النَّظَرِ(ص70-71)

(2)**ما لَمْ تَتَوفَّرْ فِيْهِ شُرُوطُ المُتَوَاتِرِ**. (من أطيب المنح ص : 9)

الملاحظة: وَهُوَ يُفِيدُ الظَّنَ وَقِيْلَ الْعِلْمُ، وَأَمَّا الْعَمَلُ بِهِ فَهُوَ مُتَعَيَّنٌ قَطْعاً.

تعريف الغَرِيْب

1 . **ما تَفَرَّدَ بِرِوَايَتِه شَخْصٌ واحِدٌ**. (نزهة النظر ص: 78)

2. **ما رَوَاه رَاوٍ واحِدٌ ويُسَمَّى الْفَرْدُ**.(من أطيب المنح ص: 11)

تعريف الْعَزِيْز

1 . **ما رواه اثْنَانِ في أيِّ طَبَقةٍ من طَبَقَاتِ الإِسْنَادِ**.(فتح المغيث: 3/385-386)

2. **ما يَرْوِيْه اثْنَانِ ولو في طَبَقَةٍ**.(من أطيب المنح ص: 10)

تعريف المَشْهُور

1. **ما رَوَاه ثَلَاثَةٌ فَأكْثَرَ ما لَمْ يَبْلُغْ حَدَّ التَّوَاتُرِ**.(فتح المغيث: 3/389)، (من أطيب المنح ص: 10)

الحديث القدسى

1. ما أَضَافَهُ النَّبِيُّ ﷺ الى ربِّه تَبارك وتَعالى ممَّا سِوَى القُرْآنِ.(كتاب المصطلح للجربوع: 58)
2. ما نُقِلَ عنِ النَّبِيِّ ﷺ مع اِسْنَادِه الى ربِّه عزَّ وجَلَّ(من أطيب المنح ص: 6)

الحديث المرفوع

مَا أُضِيفَ الى النَّبِيِّ ﷺ خَاصَّةً مِنْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ أَوْ تَقْرِيرٍ (زَادَ بَعْضُهُمْ : أَوْ صِفَةٍ).(نزهة النظر ص: 140، فتح الباقي للأنصاري)
مَا أُضِيفَ الى النَّبِيِّ ﷺ خَاصَّةً مِنْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ أَوْ تَقْرِيرٍ صَرِيحًا أَوْ حُكْمًا. (من أطيب المنح ص: 6)

الحديث الموقوف

مَا يَرْوِيهِ عَنِ الصَّحَابَةِ مِنْ أَقْوَالِهِمْ وَأَفْعَالِهِمْ وَتَقْرِيرَاتِهِمْ. (نزهة النظر ص: 148)
مَا أُضِيفَ الَى الصَّحَابَةِ مِنْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ أَوْ تَقْرِيرٍ.(من أطيب المنح ص: 47)

الحديث المقطوع

مَا انْتَهَى الَى التَّابِعِينَ أَوْ مَنْ دُونَهُمْ مِنْ أَقْوَالِهِمْ أَوْ أَفْعَالِهِمْ. (نزهة النظر ص: 154)
مَا أُضِيفَ الَى التَّابِعِينَ أَوْ مَنْ دُونَهُ مِنْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ.(من أطيب المنح ص: 48)

SECTION – 2

(1) قبولیت اور عدم قبولیت کے اعتبار سے احادیث کی قسمیں

1۔ مقبول (ثابت): صحیح، حسن

2۔ مردود (غیر ثابت): ضعیف، موضوع

← مقبول حدیث کسے کہتے ہیں؟ اور کوئی حدیث مردود کب کہلاتی ہے؟

(2) حدیث صحیح کی تعریف

ما اتصل سنده، بنقل العدل الضابط عن مثله الى منتهاه من غير شذوذ ولا علة

علم حدیث کی اصطلاح میں صحیح حدیث وہ حدیث ہے، (1) جس کی سند "متصل" ہو۔ اور جو (2) "عدل راویوں" اور (3) "ضابط راویوں" سے منتقل ہوتے ہوئے اپنی انتہا تک پہنچ جائے، (4) جس میں نہ "شذوذ" ہوں اور (5) نہ "علت"۔

بعض علماء نے "تام الضبط" کا اضافہ لازمی سمجھا ہے، تا کہ صحیح اور حسن میں فرق ہو جائے۔

تام الضبط صحیح کا حکم فراہم کرتا ہے اور خفیف الضبط حسن کا حکم فراہم کرتا ہے۔

(3) کسی حدیث کے "صحیح" ہونے کے لیے پانچ (5) شرائط ہیں:

1) اتصال سند ہو: ہر راوی نے، اپنے پیش رو کے واسطے سے حدیث حاصل کی ہو۔
2) العدالۃ: راوی عدل ہوں، ہر راوی کے تمام راوی عقل مند، بالغ اور مسلمان ہوں- فاجر نہ ہوں۔
3) تام الضبط: راوی حافظ ہوں، ہر راوی میں قوت ضبط وحفظ ہو، سینے یا صحیفے میں ثبت ہو۔
4) شذوذ نہ ہوں: ثقہ راوی، کسی دوسرے زیادہ ثقہ راوی کی مخالفت نہ کرتے ہوں۔
5) علت نہ ہو: حدیث میں کوئی مخفی نقص نہ پایا جائے۔ (جو بظاہر نظر نہ آئے) یعنی حدیث، معلول نہ ہو۔

← کسی بھی حدیث کی مقبولیت کے لیے کتنی شرطیں ہونا لازم ہے؟ بیان کیجیے۔

شرح البيقونية

الحديث الصحيح وشروطه

قوله رحمه الله:

أولها الصحيح وهو ما اتصل *** إسناده ولم يُشَذَّ أو يُعَل

أي: أول هذه الأقسام هو «الحديث الصحيح»، وقد قدم الصحيح؛ لأنه أشرف أقسام الحديث، والصحيح لغة: السليم؛ قال السيوطي: الصحيح فعيل بمعنى فاعل من الصحة، وهي حقيقة في الأجسام، واستعمالها هنا مجاز واستعارة تبعية[1].

وقال السخاوي: «لغة ضد المكسور والسقيم»[2].

والصحيح اصطلاحًا: هو ما اتصل إسناده بنقل العَدل الضابط عن مثله إلى منتهاه من غير شذوذ ولا عِلة.

عرفه ابن الصلاح فقال: الحديث الصحيح هو الحديث المسند الذي يتصل إسناده بنقل العَدْل الضابط عن العدل الضابط إلى منتهاه، ولا يكون شاذًّا ولا معللًا[3].

وعرفه الحافظ ابن حجر فقال: خبر الآحاد بنقل عدلٍ تام الضبط متصل السند غير معلل ولا شاذ هو الصحيح لذاته[4].

وعرفه الزبيدي فقال: «الحديث الصحيح وهو ما اتصل سنده بحيث يكون كل واحد من رجاله سمعه من شيخه من أول السند إلى أن ينتهي إلى النبي صلى الله عليه وسلم أو الصحابي، أو من دونه مع شرط العدالة والضبط التام، حفظًا أو كتابةً، بلا شذوذ ولا علة قادحة»[5].

شروط الحديث الصحيح خمسة شروط

1- الاتصال (اتصال الإسناد).

2- عدم الشذوذ.

3- عدم العلة.

4- العدالة.

5- الضبط.

أما اتصال الإسناد

فالسند: هو سلسلة الرجال الموصلة إلى المتن.

ومعنى الاتصال: أن يروي كل راوٍ عمن فوقه وقد لقِيه إلى أن يصل إلى الصحابي الذي سمع من رسول الله صلى الله عليه وسلم.

ويمكن أن نقول: هو سماع كل راوٍ من الراوي الذي يليه.

وخرج بقيد اتصال السند: المنقطع ومن أنواع المنقطع: المعضل، والمرسل، والمعلق.

وسيأتي معنا أن المنقطع أنواع؛ منها

المعضل: وهو ما سقط من وسطه اثنان متواليان.

والمرسل: ما سقط منه راوٍ أو أكثر من آخر الإسناد.

والمعلق: ما سقط من أول الإسناد راوٍ أو أكثر.

مثال الحديث الصحيح

قال البخاري رحمه الله في صحيحه: حدثنا عبدالله بن يوسف، قال أخبرنا مالك عن ابن شهاب عن محمد بن جبير بن مطعم عن أبيه قال: سمعتُ رسول الله صلى الله عليه وسلم قرأ في المغرب بالطور [6]

والصحيح ينقسم إلى قسمين

1- صحيح لذاته.

2- صحيح لغيره.

أما الصحيح لذاته فقد تقدم معنا تعريفه وهو

ما اتصل سنده بنقل العَدْل الضابط عن مثله إلى منتهاه من غير شذوذ ولا علة[7].

أما الصحيح لغيره: فهو الحسن لذاته إذا روِي من طريق آخر مثله أو أقوى منه، وسمي صحيحًا لغيره؛ لأن الصحة لم تأت من ذات السند، وإنما جاءت من انضمام غيره له[8].

مثال الصحيح لغيره: ما رواه الترمذي من طريق إسرائيل عن عامر بن شقيق عن أبي وائل عن عثمان بن عفان رضي الله عنه قال: إن النبي صلى الله عليه وسلم كان يخلل لحيته.

تفرد به عامر بن شقيق وقد قواه البخاري والنسائي وابن حبان، وليَّنه ابن معين وأبو حاتم، وحكم البخاري فيما حكاه الترمذي في العلل بأن حديثه هذا حسن، وكذا قال أحمد فيما حكاه عنه أبو داود: أحسن شيء في هذا الباب حديث عثمان رضي الله عنه.

وصحَّحه مطلقًا الترمذي والدارقطني وابن خزيمة والحاكم وغيرهم، وذلك لما عضده من الشواهد؛ كحديث أبي المليح الرقي عن الوليد بن زوران عن أنس رضي الله عنه[9].

2-عدم الشذوذ

الشذوذ في اللغة: هو الخروج أو المخالفة.

والشذوذ في الاصطلاح:

هو رواية الراوي المقبول مخالفًا من هو أولى منه إما عددًا أو توثيقًا[10].

والمقبول يدخل فيه.

وقد عرفه الحافظ ابن حجر في نزهة النظر، فقال: الشاذ: ما رواه المقبول مخالفًا لمن هو أولى منه[11].

والشذوذ: قد يكون في السند وقد يكون في المتن، وقد يكون في المتن والإسناد معًا.

وقد يكون في حديث واحد أو في حديثين، وسيأتينا التفصيل في مبحث الشاذ[12].

3- عدم العلة

العلة في اللغة: المرض.

والعلة في الاصطلاح: شيء خفي يقدح في السند أو المتن، مع أن ظاهره السلامة منه ولا يطلع عليها في الغالب إلا الجهابذة[13].

ويمكن أن تعرف بأنها سببٌ يَقدح في صحة حديث ظاهره الصحة والخلو منها، ولا تظهر إلا

للمتبحر في هذا العلم الشريف[14].

قال النووي: والعلة عبارة عن سبب غامض قادح مع أن الظاهر السلامة منه، ويتطرق إلى الإسناد الجامع شروط الصحة ظاهرًا، وتدرك بتفرُّد الراوي وبمخالفة غيره له مع قرائن تنبه العارف على وهمٍ، بإرسال أو وقفٍ، أو دخول حديث في حديث، أو غير ذلك؛ بحيث يغلب على ظنه، فيحكم بعدم صحة الحديث أو يتردد فيتوقَّف[15].

والعلة تنقسم إلى قسمين

- علة قادحة.
- علة غير قادحة.

وقد تكون في السند، وقد تكون في المتن، وقد تكون فيهما معًا[16].

4- العدالة

العدالة في الأصل بمعنى الاستقامة[17].

وفي الاصطلاح: هي حسن الإسلام مع السلامة من الفسق وخوارم المروءة[18].

ويمكن أن نقول: العدل هو: الراوي الذي يحمل صفات تَحمِلُ صاحبها على التقوى واجتناب الأدناس، وما يُخل بالمروءة عند الناس[19].

قال الحافظ ابن حجر: «المراد بالعدل: من له ملكة تحمله على ملازمة التقوى والمروءة.

والمراد بالتقوى: اجتناب الأعمال السيئة مِن شركٍ أو فسق أو بدعة»[20].

والمروءة: هي أن يستعمل ما يجمله أمام الناس ويُزينه ويمدحوه عليه، وأن يترك ما يدنسه ويشينه عند الناس.

والعدالة اشترطها الله عز وجل في الشهادة، واشترطها العلماء في الراوية، وإن كان بين الشهادة والراوية فروقًا؛ قال عز وجل: ﴿إِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا﴾ [الحجرات: 6]، وقال عز وجل:﴿وَأَشْهِدُوا ذَوَيْ عَدْلٍ مِنْكُمْ﴾ [الطلاق: 2].

قال النووي: «أجمع الجماهير من أئمة الحديث والفقه أنه يشترط أن يكون ضابطًا، وأن يكون عدلًا مسلمًا بالغًا عاقلًا، سليمًا من أسباب الفسق وخوارم المروءة...»[21].

قال السيوطي: «فلا يقبل كافرٌ ومجنون مطبق بالإجماع، ومن تقطع جنونه، وأثر في زمن إفاقته، وإن لم يؤثر فيه، قاله ابن السمعاني، ولا الصغير على الأصح، وقيل: يقبل المميز إن لم يجرَّب عليه الكذبُ»[22].

بم تَثبت العدالة

تثبت العدالة بأمرين:

1- تنصيص عدلين عليها.

2- بالاستفاضة.

قال النووي: «تثبت العدالة بتنصيص عدلين عليها أو بالاستفاضة، فمن اشتهرت عدالته بين أهل العلم وشاع الثناء عليه بها، كفى فيها؛ كمالك والسفيانين، والأوزاعي، والشافعي، وأحمد وأشباههم»[23].

5- الضبط

تعريفه: «هو قوة الحافظة، والوعي الدقيق، وحسن الإدراك في تصريف الأمور، والثبات على الحفظ، وصيانة ما كتب منذ التحمل والسماع إلى حين التبليغ والأداء»[24].

قال شيخنا ابن عثيمين: «هو الذي يحفظ ما روي تحملًا وأداءً، مثل أن يكون نبيهًا يقظًا عند تحديث الشيخ للحديث، فلا تكاد تخرج منه كلمة من فم الشيخ إلا وقد ضبطها وحفظها، وهذا هو التحمل.

أما الأداء: فأن يكون قليل النسيان؛ بحيث أنه إذا أراد أن يحدِّث بما سمعه من الشيخ، أداه كما سمعه تمامًا، فلا بد من الضبط في الحالين، في حال التحمل وحال الأداء.

وضد الضبط: هو أن يكون الإنسان لديه غفلة عند التحمل، أو أن يكون كثير النسيان عند الأداء، ولا نقول: ألا ينسى؛ لأننا إذا قلنا: إنه يشترط ألا ينسى، لم نأخذ عُشر ما صح عن النبي صلى الله عليه وسلم، ولكن المراد ألا يكون كثير النسيان، فإن كان كثير النسيان، فإن حديثه لا يكون

صحيحًا؛ لاحتمال أن يكون قد نسِي، والناس يختلفون في هذا اختلافًا كثيرًا»[25].

والضبط ينقسم إلى قسمين

1- ضبط صدر.

2- ضبط كتاب.

← أما ضبط الصدر:

قال الحافظ ابن حجر: «هو أن يثبت ما سمعه بحيث يتمكن من استحضاره متى شاء»[26].

← أما ضبط الكتاب:

قال الحافظ ابن حجر: «وضبط الكتاب هو صيانته لديه منذ سمع فيه وصححه إلى أن يؤدي منه»[27].

«فالضابط في حفظه أي من لم يخطئ ولم يغفل، والضابط في كتابه؛ أي: من حافظ عليه من أن يسرق، أو أن يوضع فيه ما ليس من حديثه، وفي هذه الحالة فهو صحيح الحديث.
أما إن خف ضبطه فحديثُه حسن، وهو الحسن لذاته...
وأما فاحش الغلط وسيئ الحفظ وكثير الغفلة، فهذا حديثه ضعيف؛ لأنه خطأه غلب على صوابه»[28].

قوله: «عن مثله».
«أي: إنه لا بد أن يكون الراوي متصفًا بالعدالة والضبط، يرويه عمن اتصف بالعدالة والضبط، فلو روى عدل عن فاسق، فلا يكون حديثه صحيحًا، وكذا إذا روى إنسان عدلٌ جيد الحفظ عن رجل سيئ الحفظ كثير النسيان، فإن حديثه لا يُقبل، ولا يكون صحيحًا؛ لأنه لم يروه عن رجلٍ ضابط مثله»[29].

قوله: «معتمدٌ في ضبطه ونقله»؛ أي: معتمدٌ من جهة علماء الحديث أهل الجَرح والتعديل.

[1] تدريب الراوي (1 /53).

[2] فتح المغيث (1 /27).

[3] مقدمة ابن الصلاح (ص:11).

[4] نزهة النظر مع النكت (77).

[5] القلائد العنبرية ص (24–25).

[6] صحيح البخاري (4854).

[7] تيسير مصطلح الحديث للطحان ص (34).

[8] تيسير مصطلح الحديث للطحان ص (51).

[9] النكت على ابن الصلاح لابن حجر (1/421–423).

[10] التعليقات الأثرية لعلي حسن ص (30) ط ابن الجوزي.

[11] نزهة النظر مع النكت ص (68).

[12] في شرح البيت رقم 21.

[13] التيسير والتأصيل ص (70).

[14] التعليقات الأثرية (31).

[15] التقريب والتيسير للنووي ص (14).

[16] وسيأتي المزيد عند شرح البيت رقم 24.

[17] شرح البيقونية لابن عثيمين ص (28).

[18] التيسير والتأصيل ص (76).

[19] التعليقات الأثرية (31).

[20] نزهة النظر مع النكت ص (77).

[21] التقريب والتيسير ص (16).

[22] تدريب الراوي.

